فضائل بیان کیے ہیں اور نماز کے روحانی پہلو کا بھی ذکر کیا ہے۔ بتایا ہے کہ ترک نماز یا آداب نماز کو نظرانداز کر کے اقامت صلوٰۃ کے تقاضے پورے نہیں ہو سکتے۔ ان کے خیال میں نظام صلوٰۃ میں غفلت بھی مسلمانوں کے زوال و انحطاط کا ایک بڑا سبب ہے۔ اسی کتاب کے دوسرے حصے میں ادائے زکوٰۃ اور انفاق فی سبیل اللہ پر شریعت محمدیہ کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔ اپنے موضوع پر ایک مفید کتاب ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

غزل نما' ادا جعفری۔ ناشر: انجمن ترقی اردو پاکستان' بابائے اردو روڈ' کراچی۔ صفحات: ۷۷۴۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔

غزل اردو شاعری کی مقبول ترین صنف رہی ہے اور اردو شاعروں نے غزل کا بڑا قیمتی سرمایہ مہیا کیا ہے۔ شعرا کے کلام کے انفرادی مجموعوں' اردو شعر و ادب کی تاریخوں اور تذکروں میں غزل کی نمایندگی سے اس حقیقت کا اثبات ہوتا ہے کہ اس کے مطالعے سے ہم اردو زبان و ادب کے ارتقا کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ "غزل نما" وطن عزیز کی ایک معروف اور ممتاز شاعرہ محترمہ ادا جعفری نے ترتیب دی ہے۔ اس انتخاب میں ۳۷ شعرا کے نام نظر آتے ہیں' جن کا تعلق دکن' دہلی' لکھنؤ اور رام پور وغیرہ سے تھا۔ اس انتخاب میں سرفہرست محمد علی قطب شاہ (وفات ۱۶۱۱ء) اور آخری نام میاں داد خان سیاح (وفات ۱۹۰۷ء) کا ہے۔ اس طرح زمانی طور پر یہ انتخاب دو سو سال کی طویل مدت پر حاوی ہے۔ اس انتخاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں شعرا کے ناموں کی ترتیب ان کی تاریخ وفات کے حساب سے قائم کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں انتخاب سے پہلے ہر شاعر کے مختصر حالات زندگی اور اس کے ادبی کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ قدیم شعرا کے اشعار میں آنے والے متروکات کے معنی بھی ساتھ ساتھ درج کر دیے گئے ہیں تاکہ عام قاری بھی ان اشعار سے لطف اندوز ہو سکے۔ انجمن ترقی اردو قبل ازیں عصری شاعری کے دو انتخاب شائع کر چکی ہے جن میں سے ایک آزادی سے قبل طبع ہوا' جسے عزیز احمد نے مرتب کیا تھا اور دوسرا ۱۹۸۱ میں شائع ہوا' جسے وزیر آغا نے ترتیب دیا تھا۔ زیر نظر انتخاب بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے اور امید ہے کہ یہ بھی اہل ذوق کے لیے تحفہ ادبی ثابت ہو گا۔ طباعت عمدہ ہے۔ کاغذ کی عمدگی اور صفحات کی تعداد کی نسبت سے کتاب کی قیمت مناسب ہے۔ (د۔ ب۔ ش)

ربنا' مرتبہ: میاں ریاض الحق فاروق۔ ناشر: سن پبلی کیشنز' لاہور۔ صفحات: ۹۵۔ قیمت: ۲۱ روپے۔

قرآنی دعاؤں کا ایک خوبصورت مجموعہ۔ ہر دعا کے ساتھ ترجمہ' مختصر وضاحت اور یک سطری "فائدہ"۔ ابتدا میں دعا کی ضرورت' فضیلت' آداب' شرائط وغیرہ پر مفید تمہیدی گفتگو شامل ہے۔ مگر اس میں شامل آیات کے متن اور اعراب پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی جا سکی۔ (د۔ ہ)